SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

August 11, 2023

## جولائی میں 2,220 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (۱۱ مارچ) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے جولائی میں 2,220 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جس کے بعد رجسٹر کمپنیوں کی کل تعداد 197,828 (ایک لاکھ ستانوے ہزار آٹھ سو اٹھائیس) ہو گئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا کل ادا شدہ سرمایہ 3ارب 30 کروڑ روپے ہے۔

جولائی 99.9 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں جن میں تقریباً 57 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں، جبکہ 41 فیصد سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر اور 2 فیصد کمپنیاں لمیٹڈ لائیبلیٹی پارٹنر شپ، نان پرافٹ تنظیموں، اور نان لسٹڈ پبلک کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔ اس ماہ تشکیل پانے والی کمپنیوں میں افغانستان، چین، جرمنی، ہانک کانگ سنگاپور، ویت نام، ترکی، ایران، کویت، ناروے سعودیہ عرب، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، امریکہ، سویڈن اور سپین سے تعلق رکھنے والے افراد نے سرمایہ کاری کی۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں ہوئیں جن کی تعداد 316 ہے، دوسرے نمبر پر خدمات (سروسز) کے شعبے میں 309، اور رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ کنسٹرکشن میں 252 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ اس کے بعد خوراک اور مشروبات کے شعبے میں 96، سیاحت میں 91، تعلیم کے شعبے میں 90، کارپوریٹ ایگری کلچر میں 70، ای کامرس میں 64، اور ٹیکسٹائل میں 57 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔ اس کی علاوہ مارکیٹنگ اور اشتہارات میں 48، انجینئرنگ میں 42، صحت میں 41، فارماسیوٹیکل میں 36، مائننگ میں 35، پاور جنریشن میں 30، ٹرانسپورٹ میں 26 ، کیمیکل میں 24 اور آٹو الائیڈ میں 20 کمپنیاں جبکہ دیگر کمپنیوں دوسرے چھوٹے شعبوں میں رجسٹرڈ ہوئیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

ایس ای سی پی کا ای سروسز سسٹم ایف بی آر، صوبائی ریونیو کے محکموں کے ساتھ انٹی گریٹیڈ ہے، جس کے نتیجے میں جولائی میں ایس ای سی پی پورٹل کے انٹرفیس کے ذریعے 2,123 کمپنیاں ایف بی آر کے ساتھ جبکہ 69 کمپنیاں ای او بی آئی اور 40 کمپنیاں پنجاب اور 51 سندھ کے سوشل سکیورٹی اور محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے ساتھ رجسٹر ہوئیں۔

ایس ای سی پی کمپنیز کے نام کی رجسٹریشن اور دستیابی، اور کارپوریشن کے عمل سے متعلق دیگر سوالات کے فوری حل کے لیے موجود واٹس ایپ سہولت کے ذریعے فروری کے مہینے میں تقریباً 1,305 سوالات کے جوابات بھی دیے گئے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005